© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تبصرۂ کتب

**خزائن السنن** افادات : شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدر مدظلہ
صفحات حصہ اوّل ۲۵۰، حصہ دوم ۱۰۴ ، قیمت ۱۶۰ روپے
ناشر : مکتبہ صفدریہ گکھڑ ضلع گوجرانوالہ

شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صفدر مدظلہ محدثین اور مصنفین کے اس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں جن کی کسی کتاب پر تبصرے کی ضرورت نہیں ہوتی ان کی کتاب کے تعارف کے لیے اس کی اشاعت کا اعلان ہی کافی ہوتا ہے اور اس بات سے کتاب کے علمی معیار کا اندازہ لگا لیا جاتا ہے کہ وہ شیخ الحدیث حضرت صفدر مدظلہ کی کتاب ہے حضرت صفدر صاحب اہل سنت والجماعت کی تدریسی اور تصنیفی تالیفی اور علمی زندگی کے لیے مایۂ افتخار ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں قرآن و حدیث کے علوم و معارف کی بے بہا دولتوں سے نوازا ہے فرق باطلہ کے تعاقب، شرک و بدعت کے خلاف قلمی جہاد اور اکابر علماء دیوبند کی تاریخ، محدثین کرام کے شوق حدیث، غرض دین اسلام کی اشاعت و دفاع کے مختلف پہلوؤں پر جو کچھ لکھا وہ ہماری علمی و تہذیبی، سیاسی تاریخ اور علم حدیث و تفسیر اور اسلامی کتب خانہ کے لیے سرمایہ ناز ہے، ان کی تحقیقی اور شاہکار تصانیف کے بغیر تاریخ، سیاست، ادب، بحث و مناظرہ، قلمی جہاد، فرق باطلہ کا تعاقب، قرآن کی تفاسیر اور شروح حدیث کی کوئی فہرست مکمل نہیں ہوسکتی۔ حال ہی میں ان کے درس ترمذی کے افادات کا گراں قدر مجموعہ اور وقیع تالیف "خزائن السنن جلد اوّل" کے نام چھپ کر منظر عام پر آگئی ہے جبکہ اس سے قبل شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کے حقائق السنن اور حضرت مولانا محمد تقی عثمانی کی تقریر ترمذی بھی طلبہ اور اساتذہ کے لیے مفید اور انفع ثابت ہوئیں، حضرۃ شیخ صفدر کی خزائن السنن میں بیان مذاہب، مستدلات، ترجیح مسلک، اعتدال اور مستند حوالہ جات اور اجمال کے باوجود ضروری مباحث اور متعلقہ امور کا حیرت انگیز احتوا کیا گیا ہے جناب صاحبزادہ رشید الحق خان عابد نے جس محنت عرقریزی اور جانکاہی سے ترتیب کا فریضہ انجام دیا ہے وہ ہر لحاظ سے لائق تبریک اور قابل تحسین ہے خدا کرے کہ وہ شیخ صفدر کی زندگی ہی میں اس عظیم کام کی تکمیل کرسکیں ــــ کاغذ عمدہ طباعت شاندار اور مضبوط جلد بندی نے کتاب کی افادیت کو مزید دو بالا



© rasailojaraid.com